# نقل وطن خاندانوں کے لیے تحفظ

آپ کی نقل وطنی حیثیت سے قطع نظر، نیویارک شہر محکمئہ تعلیم (DOE) اپنے طلبا اور خاندانوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے عہد بستہ ہے۔

Mayor's Office of Immigrant Affairs

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

## اضافی وسائل

- زیادہ تر خدمات نیویارک کے تمام شہریوں کو دستیاب ہیں، نقل وطنی حیثیت سے قطع نظر۔ میئر کے دفتر برائے نقل وطنی امور کی جانب سے مزید معلومات کے لیے 311 کو فون کریں یا www1.nyc.gov/immigrants پر جائیں۔
- **ActionNYC** ایک پروگرام ہے جو بااعتماد اجتمائی تنظیموں کی جانب سے آپکی زبان میں مفت، محفوظ نقل وطنی قانونی مدد فراہم کرتا ہے۔
  - وقتِ ملاقات طے کرنے کے لیے، 354-0365 (800) پر صبح 9 بجے تا شام 6 بجے کے درمیان، پیر تا جمعہ رابطہ کریں، یا 311 پر فون کریں اور "ActionNYC" کہیں۔ آن لائن www1.nyc.gov/site/actionnyc/index.page پر مزید جانیں
- اگر آپ مضطرب، پریشان، یا افسردہ محسوس کررہے ہیں، مدد دستیاب ہے۔ آپ اکیلے نہیں ہیں۔ **ThriveNYC** آپ کو آپ کی زبان میں ذہنی صحت کی معاونتی خدمات تک رسائی فراہم کرے گا۔
  - NYC-WELL (888) پر فون کریں یا 65173 پر "WELL" ٹیکسٹ کریں۔ آن لائن nycwell.cityofnewyork.us پر مزید جانیں

T&I-29742 Immigration Families (Urdu)
(June 2019)

Mayor's Office of Immigrant Affairs

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

## اپنے حقوق کو جانیئے

**رازداری:** DOE عملہ طلبا یا اہلِ خانہ کی نقل وطنی حیثیت کے بارے میں نہیں پوچھتا ہے یا اسکا سراغ نہیں لگاتا ہے۔ ہمارا عملہ نقل وطنی حیثیت سے متعلق کوئی بھی دستاویز نہیں رکھے گا جو آپ نے انہیں فراہم کی ہو۔ تاوقتیکہ کہ قانون کے ذریعے انتہائی مطلوب ہو، DOE کا عملہ طلبا کی معلومات کسی سے نہیں بانٹے گا۔

**لسانی رسائی:** آپ کے لیے اہم معلومات جاننے اور اپنے بچے کے اسکول سے ابلاغ کرنے کے لیے، DOE ہسپانوی، چینی، بنگالی، عربی، روسی، اردو، ہیتین کریؤل، فرانسیسی، اور کوریائی زبان میں مفت ترجمے کی خدمات فراہم کرتا ہے، اور ساتھ ہی 200 سے زائد زبانوں میں ترجمانی کی۔

مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں: www.schools.nyc.gov/school-life/support/in-your-language

**محفوظ اسکول:** تمام طلبا کے لیے ایک محفوظ ماحول قائم کرنے کے لیے، غیرمقامی قانونی نفاذ کے افسران، بشمول نقل وطنی اور کسٹم نفاذ (ICE) عملے کو DOE کے اسکولوں میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہے ماسوائے جب قانوناً مطلوب ہو، اور صرف اسکول کے DOE وکیلوں سے مشاورت کرلینے کے بعد۔

### ایسی صورت میں کیا ہوگا اگر ICE افسران اسکول آجاتے ہیں؟

- اسکول حفاظتی ایجنٹ پرنسپل سے رابطہ کرے گا، جو افسر سے حفاظتی ڈیسک پر ملیں گے۔ پرنسپل افسر کو کہیں گے کہ وہ اسکول کی عمارت کے باہر انتظار کریں جبکہ پرنسپل DOE وکیلوں سے بات کریں گے۔
- پرنسپل DOE وکیلوں سے بات کریں گے اور والدین یا سرپرست کو مطلع کریں گے۔ ICE افسران کو صرف اس صورت میں داخل ہونے کی اجازت دی جائے گی اگر ان کے پاس مستند عدالتی وارنٹ ہو یا کسی قسم کی ہنگامی صورتیں ہیں جس میں فوری عمل کرنا مطلوب ہے۔

مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں:
schools.nyc.gov/SupportingAllStudents

## اپنے خاندان کا تحفظ کریں

**اپنی معلومات کی تجدید کریں:** اپنے بچے کے اسکول میں ہنگامی صورت رابطہ معلومات کی تجدید کریں جس میں بالغان کے نام اور فون نمبرز شامل ہوں (مثلاً، خاندانی ممبران، دوست، بےبی سٹرز، ہمسائے، یا اسکول کے دیگر والدین) جو آپکی غیرموجودگی میں آپکے بچے کو اسکول سے لے جاسکتے ہیں۔ اس میں کوئی بھی پری کنڈرگارٹن، چائلڈ ڈے کئیر، یا اسکول کے بعد کا پروگرام شامل ہے جس میں اپ کا بچہ شرکت کرتا ہے۔

والدین اور قانونی سرپرست عدالت کو ایک **قائم مقام سرپرست** مقرر کرنے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں ایسی صورت میں کہ بچے کی نگہداشت کرنے والا فرد ICE کے ذریعے حراست میں رکھا جاتا ہے یا ملک بدر کردیا جاتا ہے۔ مزید جاننے کے لیے، 311 کو فون کریں اور ایک مفت اور محفوظ نقل وطنی قانونی مدد کے ساتھ رابطے کے لیے "ActionNYC" کہیں۔

### اگر میں بغیر دستاویز کے ہوں تو کیا میں اپنے بچے کے اسکول میں جاسکتا ہوں؟

جی ہاں۔ ایک DOE اسکول میں جانے کے لیے، آپ کے پاس سرکاری تصویری شناخت ہونا لازمی ہے۔ DOE میونسپل ID کارڈ IDNYC قبول کرتا ہے جو نیویارک شہر کے ذریعے نیویارک کے تمام مکینوں کو مفت جاری کیا جاتا ہے۔ IDNYC نقل وطنی حیثیت کی معلومات جمع نہیں کرتا ہے۔ آپ IDNYC کارڈ کے لیے ذیل پر سائن اپ کرسکتے ہیں: www.nyc.gov/IDNYC.

### سب کے لیے احترام:

کسی بچے کو اسکول میں غیرمحفوظ محسوس نہیں کرنا چاہیئے، اس لیے DOE ایک محفوظ اور معاونتی ماحول قائم رکھنے کے لیے عہدبستہ ہے جو ہراساں کرنے، ڈرانے، غنڈہ گردی اور امتیازیت سے مبرا ہے۔ اگر آپ کا بچہ آپ کو بتاتا ہے کہ اسے غنڈہ گردی یا ہراساں کرنے کا احساس ہوتا ہے، براہِ کرم فوراً اسکول کے عملے کو مطلع کریں۔ غنڈہ گردی کو رپورٹ کرنے کے متعدد طریقوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے schools.nyc.gov/RespectforAll پر جائیں۔